## مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

**Master of Social Work**: IV Semester Examination, April 2024

Paper: **MMSW401CCT : Advance Theory of Social Work**

**پرچہ: ایڈوانس تھیوری آف سوشل ورک**

**وقت: 3 گھنٹے**

**کل نمبرات: 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم- ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1۔ حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے- ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10*1= 10 Marks)

2۔ حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہے۔ (5*6= 30 Marks)

3۔ حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہے۔ (3*10= 30 Marks)

## حصہ اول

**سوال نمبر: 1**

i) Attributes of a Profession مضمون کس نے لکھا ہے؟

A۔ ابراہم فلیکسنر

B۔ ارنسٹ گرین ووڈ

C۔ میری رچمنڈ

D۔ اوکٹیو یا ہل

ii) ''کسی بھی پیشہ میں ایک خاص علم کا مجموعہ اور کمیونٹی کی منظوری ضروری ہے۔'' یہ کس نے کہا ہے؟

A۔ جین ایڈمس

B۔ ارنسٹ گرین ووڈ

C۔ کلفورڈ منشارڈ

D۔ اوکٹیو یا ہل



AnyScanner

iii) Annihilation of Caste کس کی تصنیف ہے؟

iv) ذیل میں دیے گئے تصورات کے مفکرین کا نام لکھیے۔

کلچر وائلنس.................. کلاس اسٹرگل.................. ہیجیمونی.................. نالج اور پاور..................

v) غریبی کی وجہ سے ہونے والی اموات مثال ہے:

A۔ بلاواسطہ تشدد کی

B۔ ساختیاتی تشدد کی

C۔ ثقافتی تشدد کی

D۔ معاشی غیر برابری کی

vi) گاندھی کے ستیہ گرہ کی دو اہم خصوصیات کیا ہیں؟

vii) سوشل ورک کی تعلیم و پریکٹس کے استعمال کے لیے مقامی ادب فائدہ مل سکتا ہے (صحیح/غلط)

viii) مندرجہ ذیل میں کون سائیکوڈائنامک ماہر نفسیات نہیں ہے۔

A۔ سگمنڈ فرائیڈ

B۔ ایڈلر

C۔ کارل جنگ

D۔ کارل راجرس

ix) لیو وائیگاسکی کے مطابق کوئی بھی انسان زیادہ سیکھتا ہے:

A۔ اندرونی محرکات کی بنا پر

B۔ اپنے سماجی اور ثقافتی ماحول سے

C۔ انعام اور سزا کی وجہ سے

D۔ دوسرے افراد کو دیکھ کر

x) "اب تک کی انسانی تاریخ دراصل طبقاتی جدوجہد کی تاریخ ہے"۔ یہ جملہ کس نے کہا ہے؟

A۔ فریڈرک اینگلز

B۔ کارل مارکس

C۔ انٹونیو گرامشی

D۔ ٹالکٹ پارسنز

## حصہ دوم

2۔ مقامی سوشل ورک کی خصوصیات کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

3۔ سوشل ورک کی عالمی تعریفات کا پس منظر اور ان کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

4۔ لرننگ تھیوریز میں ہیومنسٹ مکتب فکر اور سوشل ورکرز کے لیے اس کی ضرورت کو بھی واضح کریں۔

5۔ موجودہ ہندوستان میں کنفلکٹ تھیوری کی اہمیت اور سوشل ورک میں اس کے استعمال کو بیان کریں۔

6۔ تنقیدی شعوری عمل (Conscientization) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ سوشل ورک کی پریکٹس میں پاؤلو فریرے کی اہمیت وضرورت کو بیان کریں۔

7۔ ستیہ گرہ سے متعلق گاندھی کے خیالات کو واضح کریں اور سوشل ورک میں اس کے استعمال پر نوٹ لکھیں۔

8۔ ذات پات پر امبیڈکر کے خیالات پر تبصرہ کریں اور یہ بھی دلیل فراہم کریں کہ یہ فہم کس طرح سوشل ورکرز کے لیے ضروری ہے۔

9۔ سسٹم نظریے کی تشریح کریں۔ سوشل ورک پریکٹس میں اس نظریے کی کیا افادیت ہے؟

## حصہ سوم

10۔ ہندوستان میں سوشل ورک کے پیشہ ورانہ مقام ومرتبے پر ہونے والے بحث ومباحثے کا مناسب مثالوں کے ذریعے تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

11۔ گرامشی کے زبان، بالادستی اور فہم عامہ کے تصور کا جائزہ لیں۔

12۔ علم ہی اقتدار ہے۔ اس جملے کی روشنی میں مشیل فوکو کے نقطہ نظر سے اقتدار کی اقسام پر مثالوں کے ساتھ بحث کریں۔

13۔ سوشل ورک میں فکشن کے استعمال کو بتاتے ہوئے کسی ایک ہندوستانی ناول، کہانی یا نظم کو سوشل ورک کی تھیوریز کی روشنی میں وضاحت کریں۔

14۔ جدید تعلیم اور تعلیمی نظام سے متعلق مولانا ابوالکلام آزاد کا نقطہ نظر اور ان کے کام کو بیان کریں۔ مولانا آزاد سے سوشل ورک کی پریکٹس کے لیے کیا سبق لیا جاسکتا ہے۔



AnyScanner

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

# Master of Social Work

## Master of Social Work: IV Semester Examinations, April 2024

## Paper: MMSW402CCT: Human Rights and Social Justice

پرچہ: انسانی حقوق اور سماجی انصاف

وقت: تین گھنٹے — جملہ نمبرات: 70

**ہدایات**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1۔ حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10*1= 10 Marks)

2۔ حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہے۔ (5*6= 30 Marks)

3۔ حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہے۔ (3*10= 30 Marks)

---

### حصہ اول

سوال ا۔ معروضی سوالات

i۔ دوسرے دور کے انسانی حقوق کو_________________________ کہتے ہیں؟

ii۔ UNCRC کا پہلا آرٹیکل کیا کہتا ہے؟

iii۔ Sexism سے کیا مراد ہے؟

iv۔ جان رالس نے سماجی انصاف کے تعلق سے دو اصول دیئے ہیں۔ ان کا نام بتائیں۔

v۔ Amnesty International تنظیم کی شروعات کس سال ہوئی تھی؟

A-1961 B-1962 C-1963 D-1964

vi۔ National Human Rights Commission کس قانون کے تحت______________________ اور سال________ میں قائم کیا گیا تھا؟

AnyScanner

vii۔ Human Rights and Social Work : Towards Rights Based Practice کے مصنف کون ہیں؟

A۔ جم ایفی B ۔ تھومس پین C۔ جون رالس D۔ امرتہ سین

viii۔ CrPC کے کس سیکشن میں فری لیگل ایڈ کی بات کی گئی ہے

305-A 304-B 303-C 302-D

ix۔ PUDR کا پورا نام لکھیں۔

x ۔ Human Rights Watch کا ہیڈ کوارٹر کس شہر میں ہے؟

A۔ نیویارک سیٹی B۔ واشنگٹن ڈی سی C۔ لندن D۔ نیو جرسی

حصہ دوم

۲۔ انسانی حقوق کے تصور پر روشنی ڈالیں۔

۳۔ The Essential Trudeau کے حوالے سے 'Just Society' سے کیا مراد ہے؟ تبصرہ کریں۔

۴۔ سماجی قوانین کی تعریف و تصور بیان کریں

۵۔ قانونی خواندگی کسے کہتے ہیں؟ نیشنل لیٹریسی میشن کے مقاصد بیان کریں۔

۶۔ سول سوسائٹی کی اہمیت پر اپنے موقف کا اظہار کریں۔

۷۔ انسانی حقوق کی حفاظت میں ہیومن رائٹس واچ کے رول کی وضاحت کریں۔

۸۔ نیشنل ہومن رائٹس کمیشن کے ارکان اور افعال پر روشنی ڈالیں۔

۹۔ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2005 سرکار کو جواب دہ بناتا ہے۔ تبصرہ کریں۔

حصہ سوم

۱۰۔ سماجی ناانصافی کی وجوحات پر اپنی واقفیت کا اظہار کریں۔

۱۱۔ سماجی مدافعت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

۱۲۔ ایڈوکیسی کے ماڈلس کو تفصیل سے بیان کریں۔

۱۳۔ فری لیگل ایڈ کے مختلف پہلوؤں پر نوٹ لکھیں۔

۱۴۔ انسانی حقوق کے تقاضے کو پورا کرنے میں سماجی پیشہ وران کے کردار کو بیان کریں۔

AnyScanner

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

**Master of Social Work**: IV Semester Examination, April 2024

Paper: **MMSW403DST : Public Health and Social Work**

پرچہ: صحت عامہ اور سوشل ورک

کل نمبرات: 70 | وقت: 3 گھنٹے

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم اور حصہ سوم- ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارتاً ہے- تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے-

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں- ہر سوال کا جواب لازمی ہے- ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے- (Marks10=1*10)
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 5 سوالوں کے جواب دینے ہیں- ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں میں دینا ہے- ہر سوال کے لیے 6 نمبر مختص ہیں- (Marks30=6*5)
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 3 سوالوں کے جواب دینے ہیں- ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں میں دینا ہے- ہر سوال کے لیے 10 نمبر مختص ہیں- (Marks30=10*3)

## حصہ اول

**سوال نمبر: 1**

i. مندرجہ ذیل میں سے کون سی بیماری متعدی (Communicable) نہیں ہے؟

a) ٹائیفائیڈ　　b) ایڈز

c) اسٹروک　　d) لیپروسی

ii. پہلی قومی آبادی پالیسی کس سال لائی گئی؟

a) 1976　　b) 1974

c) 1984　　d) 1985

iii. مشن اندرا دھنش ______ جان لیوا بیماریوں کے خلاف تحفظ فراہم کرتا ہے۔

a) 6　　b) 7

c) 8　　d) 9

iv. NSSO اور DLHS کا پورا نام لکھیں۔

v. "زچگی کی شرح اموات کی تعریف کیجیے۔

vi. سلیکٹیو پرائمری ہیلتھ کیئر (SPHC) کا تصور سب سے پہلے کس ملک میں متعارف کرایا گیا؟

a) قزاقستان　　b) اٹلی

c) فرانس　　d) ہندوستان

vii. صحت کی تعریف میں عام طور پر کتنے اجزاء کی نشاندہی کی جاتی ہے؟

a) 2　　b) 3

c) 4　　d) 5

viii. درج ذیل میں سے کون سے عوامل صحت کی دیکھ بھال کی دستیابی کو متاثر نہیں کرتے ہیں؟

a) جغرافیائی محل وقوع　　b) سیاسی استحکام

c) سماجی و اقتصادی حیثیت　　d) صنف

ix. پی پی پی کا مقصد صرف پبلک ہیلتھ کیئر سسٹم کو پرائیویٹ سسٹم سے بدلنا ہے۔ (صحیح/غلط)

x. پہلی ہیلتھ پالیسی 1983 میں آئی۔ (صحیح/غلط)

## حصہ دوم

2۔ "صحت اور ترقی ایک دوسرے سے منسلک ہیں۔" مختصراً بیان کیجیے۔

3۔ صحت عامہ کی تعریف کرتے ہوئے صحت عامہ کے شعبے میں John Snow کی شراکت پر تبادلہ خیال کیجیے۔

4۔ غیر متعدی امراض (Non-communicable disease) کی بڑی وجوہات کیا ہیں؟

5۔ سیمپل سروے اور مردم شماری (Census) کے درمیان کیا فرق ہے؟ سیمپل سروے کو مردم شماری پر ترجیح کیوں دی جاتی ہے؟

AnyScanner

6- پرائمری اور سیکنڈری سطح پر ہندوستان میں صحت کی خدمات کی فراہمی پر مختصر نوٹ لکھیے۔

7- 11ویں اور 12ویں پانچ سالہ منصوبوں میں صحت کی دیکھ بھال کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟

8- ابتدائی طبی دیکھ بھال (Primary Health Care) سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی کے مختلف طریقوں پر تبادلہ خیال کیجیے۔

9- صحت عامہ کے میدان میں سوشل ورک ردعمل (Response) پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

## حصہ سوم

10- صحت کی مختلف اصلاحاتی کمیٹیوں کی طرف سے دی گئی اہم سفارشات پر تبادلہ خیال کیجیے۔

11- پسماندہ طبقوں کے درمیان صحت سے متعلق رسائی، دستیابی اور استطاعت کے مسائل پر تبادلہ خیال کیجیے۔

12- صحت کے میدان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کا تنقیدی تجزیہ جائزہ لیجیے۔

13- صحت عامہ کے مختلف نظریاتی مباحث پر تفصیلی بحث کیجیے۔

14- قومی آبادی کی پالیسیوں کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

AnyScanner